**21.03.2026**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں .................. کونین حیدر

**Music**

------------------------------

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں ختم کرنے پر غور کررہے ہیں، کیونکہ وہ فوجی کارروائیوں کا مقصد حاصل کرنے کے بہت قریب پہنچ گئے ہیں۔

☆ امریکہ نے تیل کے عالمی بازار کو مستحکم کرنے کیلئے سمندر میں پھنسے ہوئے ایرانی تیل پر پابندیوں میں 30دن کی چھوٹ دینے کا اعلان کیا ہے۔

☆ چناؤ کمیشن نے مغربی بنگال میں 19 Appellate ٹریبونل قائم کئے ہیں، تاکہ ووٹر فہرستوں پر نظر ثانی کی خصوصی مہم SIR کے حصے کے طور پر چناؤ فہرستوں میں ووٹروں کے نام شامل کرنے یا خارج کرنے سے متعلق درخواستوں پر سماعت کی جاسکے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے متھرا کے گووردھن میں Danghati مندر میں پوجا ارچنا کی اور روایتی گووردھن پریکرما میں حصہ لیا۔

☆ مقدس ماہِ رمضان کے روزے مکمل ہونے کے بعد آج ملک بھر میں پورے مذہبی عقیدت اور جوش وجذبے سے عیدالفطر کا تہوار منایا جارہا ہے۔ صدرجمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے اِس موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

☆ اور...... بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج اوڈیشہ، مغربی بنگال اور سکم میں ژالہ باری اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کے سلسلے میں اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Trupm Iran**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف فوجی کارروائی ختم کرنے پر غور کررہے ہیں۔ Truth سوشل پر ایک پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہاکہ وہ فوجی کارروائی کے اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے کافی قریب پہنچ گئے ہیں۔ لہٰذا وہ مغربی ایشیا میں فوجی کارروائیاں ختم کرنے پر غور کررہے ہیں۔ اُن کا پوسٹ اِس بات کی طرف ایک زبردست اشارہ ہے کہ وہ جلد مخاصمت ختم کرنے کیلئے تیار ہوسکتے ہیں۔ جو 28 فروری کو شروع ہوئی تھی۔ ٹرمپ کا یہ بیان 28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے شروع کئے گئے حملوں کے بعد ایران کی طرف سے جوابی کاروائیوں میں تیزی لانے کے پیش نظر سامنے

آیا ہے۔ اِس ہفتے ایران میں اسرائیل کی جانب سے ایک اہم گیس کنوئیں پر حملے کے بعد ایران نے قطر میں دنیا کے سب سے بڑے LNG پلانٹ کو نشانہ بنا کر جوابی کارروائی کی۔ اہم گیس کنویں پر حملے سے گیس اور تیل جیسی توانائی کی قیمتوں میں زبردست اضافہ ہوا ہے اور جس سے وارننگ کے ساتھ ڈونلڈ ٹرمپ کو جھکنے پر مجبور ہونا پڑا۔ جمعرات کو صدر ٹرمپ نے کہاتھا کہ اسرائیل، ایران کے مزید کسی کنوئیں پر حملہ نہیں کرے گا۔
اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے کہاہے کہ اسرائیل امریکی صدر کی درخواست پر اُس گیس کنوئیں پر حملہ روک دے گا، جس پر ایرانی شہری اپنی بیشتر بجلی پر انحصار کرتے ہیں۔ امریکہ نے سمندر میں پھنسے ہوئے ایرانی تیل کی فروخت پر پابندیوں کو 30 دن کی چھوٹ دے دی ہے۔ امریکہ کے وزیرِ خزانہ Scott Bessent نے کہا ہے کہ اِس فیصلے سے تیل کی عالمی مارکیٹ کو تیزی سے مستحکم کرنا ہے، جو پہلے ہی تیل کی سپلائی بند ہونے کی وجہ سے متاثر ہے۔x

## MEA Fact Check

وزارتِ خارجہ کے ''Fact Check'' یونٹ نے اُن خبروں کو مسترد کردیا ہے، جن کے مطابق امریکہ نے مغربی بھارت سے ایران پر بمباری کرنے کے مقصد سے، بھارت سے فوجی اثاثوں کی معاونت کرنے کیلئے کہا ہے۔
وزارت نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ ایسے جھوٹے اور بے بنیاد دعووں سے متعلق سوشل میڈیا پر پوسٹس کے خلاف چوکس رہیں۔x

## West Asia Conflict

اسرائیل نے حزب اللہ کے خلاف اپنی فوجی مہم میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ اسرائیل نے بیروت کے جنوبی مضافات میں تازہ فضائی حملے کئے ہیں۔ اِن حملوں سے پہلے اِن علاقوں کے لوگوں کو وارننگ جاری کی گئی تھی کہ وہ یہ علاقے چھوڑ کر چلے جائیں۔ اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ وہ حزب اللہ سے وابستہ کمان سینٹر اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنارہا ہے۔ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے یہ کہتے ہوئے، جنگ بندی سے انکار کیا ہے کہ واشنگٹن اپنے فوجی اہداف کو حاصل کرنے کے بہت قریب ہے۔
وہائٹ ہاؤس نے ایران کے جزیرۂ خرگ آئل ٹرمنل پر حملے نیز تیزی سے حملے کرنے والی کشتیوں سے نمٹنے کیلئے آبنائے ہرمز میں گشت بڑھانے کا انتباہ دیا ہے۔

**VC - Vinod Kumar**

*مغربی ایشیا میں کشیدگی میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اور فضائی حملے ، فوجی تعیناتی اور انسانی ہمدردی کے تعلق سے تشویش بھی بڑھ گئی ہے۔ اسرائیل نے بیروت میں اپنے حملے تیز کردیے ہیں، جبکہ امریکہ، خطے میں اپنے فوجیوں کی تعداد میں اضافہ کررہا ہے۔*
*اِس دوران ایران، ایک طرف تو اپنی فوجی کارروائی کو بڑھانے کا سخت انتباہ دے رہا ہے اور ساتھ ہی سفارتکاری پر بھی زور دے رہا ہے۔ صدر مسعود پزیشکیان نے مغربی ایشیا کے اسلامی ممالک کو شامل کرکے خطے کی سلامتی سے متعلق ایک نئے فریم ورک کی تجویز پیش کی ہے، جس کا مقصد باہری مداخلت کے بغیر خطے میں امن و استحکام کو برقرار رکھنا ہے۔*
*یہ تجویز ایسے موقع پر سامنے آئی ہے، جب خلیج پر حملے جاری ہیں، جس سے گذشتہ تین ہفتوں سے GCC کے سبھی ممالک اثرانداز ہورہے ہیں اور شہریوں کی ہلاکتوں میں اضافہ ہورہا ہے اور علاقائی معیشت پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ خلیجی ممالک پوری طرح ہائی الرٹ پر ہیں اور وہ ہوائی خطرات سے*

مذمت کر رہے ہیں۔
ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں .... حسین اختر

**South Korea Hormouz**

جنوبی کوریا نے کہا ہے کہ وہ آبنائے ہُرمز کے راستے سے جہازوں کو بحفاظت گزرنے کو یقینی بنانے کی مشترکہ کوششوں کیلئے تیار ہے، جہاں سے عالمی سطح پر 20 فیصد تیل اور گیس سپلائی کیا جاتا ہے۔ جنوبی کوریا کی وزارت خارجہ نے بتایاکہ وہ اپنے اُس مشترکہ بیان میں یوروپی ملکوں اور جاپان سمیت 7 ملکوں میں شامل ہوگا، جو خلیج میں ایرانی حملوں اور آبنائے ہُرمز کو درحقیقت بند کرنے کی مذمت کررہے ہیں۔
برطانیہ، جرمنی، فرانس، اٹلی، جاپان، نیدرلینڈ اور کناڈا کی طرف سے جاری کئے گئے مشترکہ بیان میں ایران سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ اپنے حملے بند کردے اور کلیدی آبی شاہراہ سے جہازوں کو گزرنے دے اور جہازوں کی آزادانہ نقل وحمل کے اصول پر عمل آوری کرے۔×

**UCC Bill Gujarat**

گجرات حکومت، اگلے ہفتے ریاستی اسمبلی میں غور و خوض کیلئے یکساں سِول کوڈ بل پیش کرنے کیلئے تیار ہے۔ سپریم کورٹ کی ریٹائرڈ جج رنجنا پرکاش دیسائی کی سربراہی والی ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی کی جانب سے وزیرِ اعلیٰ کو ایک جامع رپورٹ پیش کئے جانے کے بعد، ریاستی کابینہ نے بدھ کو یکساں سِول کوڈ UCC کے نفاذ کی منظوری دی۔
ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اسمبلی میں بل پر اگلے ہفتے تفصیلی بحث و مباحثہ ہوگا۔
پیش ہے ایک رپورٹ ...

**VC - Harshal Pandya**

*اس بل کیلئے 209 صفحات پر مشتمل تفصیلی ضوابط تیار کرلئے گئے ہیں، جبکہ اس بل کی اہم شقیں بھی تیار کی گئی ہیں، جن کے مطابق ریاست میں ہر شادی کا اندراج کرانا لازمی ہوگا۔ البتہ، کسی شادی کا اندراج نہ ہونے کی صورت میں اسے غیرقانونی قرار نہیں دیا جائے گا، بلکہ اندراج نہ کرانے والے شخص پر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔*
*دوسری جانب، UCC کے نفاذ سے قبل ہونے والی شادیوں کیلئے شادی کے اندراج سے متعلق مجوزہ طریقۂ کار کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ بل میں شادی کی تقریب اور میرج کنٹریکٹ سے متعلق ضوابط کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔*
*احمد سے ہرشل پانڈیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ................ عبدالمالک*

**ECI - WB Appealate Tribunal**

بھارتی انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی SIR کے حصے کے طور پر ووٹروں کے نام شامل کرنے یا خارج کرنے سے متعلق درخواستوں کی سنوائی کیلئے مغربی بنگال میں 19 اپیلیٹ ٹرائبونلس قائم کیے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے کہا کہ سپریم کورٹ اور کلکتہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی سفارشات پر مبنی 10 مارچ 2026 کے حکم پر عمل آوری کرتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ کمیشن نے کہا کہ 19 ٹرائبیونلس میں سے ایک ٹرائبونل کی قیادت سابق چیف جسٹس ٹی ایس

Sivagnanam کریں گے، جبکہ بقیہ ٹرائبیونلس کی قیادت Pradipta Ray اور Tapen Sen سمیت ہائی کورٹ کے سابق جج صاحبان کے ذریعے کی جائے گی۔x

**Prez Mathura**

اترپردیش کے اپنے دورے کے تیسرے اور آخری دن صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آج متھرا ضلع کے Goverdhan میں Danghati مندر گئیں، جہاں اُنہوں نے پوجا ارچنا کی۔ صدر جمہوریہ نے دِلی لوٹنے سے پہلے روایتی گووردھن پریکرما میں بھی حصہ لیا۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو کا اترپردیش کا تین روزہ دورہ ایودھیا میں رام جنم بھومی مندر کے درشن کے ساتھ جمعرات کو شروع ہوا تھا۔اِس کے بعد محترمہ مرمو نے ورندا وَن میں Iskcon مندر اور پریم مندر میں بھی پوجا کی۔ صدرجمہوریہ نے کَل رام کرشن مشن سیواشرم Oncology بلاک کا افتتاح بھی کیا تھا، جس کا مقصد خطے میں کینسر کی دیکھ بھال سے متعلق سہولیات کو مستحکم کرنا ہے۔x

**Eid Ul Fitr**

آج مُلک کے بیشتر حصوں میں عید الفطر منائی جا رہی ہے۔ ماہِ رمضان کے روزے مکمل ہونے کے بعد یہ تہوار منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر عقیدتمند روایتی پوشاکوں میں ملبوس عیدگاہوں اور مساجد میں نمازِ عید ادا کر رہے ہیں۔ لوگ ایک دوسرے کو مبارکباد اور نیک خواہشات پیش کرتے ہوئے دوستوں اور رشتوں سے ملاقات کرتے ہیں، اور مٹھائیوں کے ساتھ مل جل کر یہ تہوار مناتے ہیں۔
دہلی میں عید کی خصوصی نماز جامع مسجد، فتح پوری مسجد اور شاہی عیدگاہ میں ادا کی جارہی ہے۔ اس موقع پر سکیورٹی کے وسیع تر انتظامات کیے گئے ہیں۔
صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے عید الفطر کے موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔
اپنے پیغام میں صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار ضبط نفس، خیر خواہی اور ناداروں کے تئیں ہمدردی کا پیغام دیتا ہے۔ یہ محبت، اخوت، امن اور باہمی ہم آہنگی کا درس بھی دیتا ہے۔
انھوں نے کہا کہ عید کا تہوار ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمیں سبھی کی خیر خواہی کے لیے کوشاں رہنا چاہیے۔x

**PM Navroz**

وزیراعظم نریندر مودی نے پارسی برادری کے نئے سال نوروز کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انھوں نے لوگوں کے لئے خوشحالی، اچھی صحت اور سب کی خواہشات اور امنگوں کی تکمیل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔x

**IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اوڈیشہ، مغربی بنگال اور سکم میں آج گرج چمک کے ساتھ بارش اور ژالہ باری کے مدِّنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔
محکمۂ موسمیات نے چھتیس گڑھ، کرناٹک اور آندھرا پردیش میں کَل تک گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ اسی طرح اگلے دو دن کے دوران شمال مشرقی حصوں میں اِسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ دریں اثنا کیرالہ اور

ماہے میں گل تک گرمی اور پس رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔×

## Coal Production

بھارت نے ایک بار پھر ایک ارب ٹن کوئلے کی پیداوار کا سنگِ میل حاصل کرلیا ہے، جس سے ملک کی توانائی کی یقینی فراہمی مزید مستحکم ہوگی۔ کل لگاتار دوسرے سال یہ کامیابی حاصل کی گئی۔ کوئلے کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس اہم سنگِ میل کی بدولت کلیدی نوعیت کی صنعتوں کو ایندھن کی بلارکاوٹ سپلائی کو یقینی بنانے کی غرض سے، توانائی کے شعبے میں بھارت کی بڑھتی خود کفالت کی عکاسی ہوتی ہے۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ کوئلے کی پیداوار میں اس اضافے کی بدولت، ملک، توانائی کی بڑھتی مانگ کو موثر طریقے سے پورا کررہا ہے اور کوئلے سے چلنے والے حرارتی بجلی گھروں میں ریکارڈ مقدار میں کوئلے کا ذخیرہ برقرار رکھنے میں کامیاب ہوا ہے۔×

## Fertilizer Import

حکومت نے ملک بھر میں کھاد کی بروقت اور خاطر خواہ مقدار میں دستیابی کو یقینی بنانے کی غرض سے، اس کی درآمدات میں اضافہ کیا ہے تاکہ کھاد کی گھریلو پیداوار اور بڑھتی مانگ کے درمیان فرق کو دور کیا جاسکے۔ کھاد اور کیمیاوی اشیاء کی وزارت نے مطلع کیا ہے کہ رواں مالی سال کے دوران گذشتہ برس کی اسی مدت کے مقابلے کھاد کی درآمدات میں قابلِ لحاظ اضافہ ہوا ہے۔×

## Congress List Assam

کانگریس نے آسام میں آئندہ اسمبلی چناؤ کیلئے سات امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے **Jalukbari** سیٹ سے **Bidisha Neog** کو کھڑا کیا ہے، جبکہ **Jayanta Borah**، بسواناتھ اسمبلی سیٹ سے چناؤ لڑیں گے اور **Raul Roy** ہیلاکانڈی اسمبلی حلقے سے پارٹی کے امیدوار کے طور پر چناؤ لڑیں گے۔ کانگریس کی سینٹرل چناؤ کمیٹی کی طرف سے امیدواروں کے ناموں کو حتمی شکل دی گئی ہے۔ پارٹی نے ریاست میں اپنے حلیف اتحادی **Raljor Dal** کیلئے گیارہ سیٹیں چھوڑ دی ہیں۔ 126 رکنی آسام اسمبلی کیلئے پولنگ 9 اپریل کو ہوگی، جبکہ ووٹوں کی گنتی چار مئی کو ہوگی۔×

## Income Tax Rules 2026

حکومت نے اِنکم ٹیکس قوانین 2026 کا اعلان کردیا ہے۔ یہ قوانین یکم اپریل سے نافذ العمل ہوں گے۔ نئے قوانین کا مقصد، واضح انکشافات کے ذریعے تعمیل کو بہتر بنانا ہے، ساتھ ہی ضابطوں کی تعداد کو کم کرکے ٹیکس کے عمل کو آسان بنانا ہے۔ یہ قوانین براہِ راست ٹیکس نظام کے طریقۂ کار اور تعمیل میں ایک اہم اصلاح کی نشان دہی کرتے ہیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق، یہ قوانین اِنکم ٹیکس ایکٹ 2025 کی دفعات کو نافذ کرتے ہیں اور پرانے طریقۂ کار کے نظام کو بہتر بناتے ہیں اور نئی وضاحت فراہم کرتے ہیں۔ کل نئی دلّی میں اِنکم ٹیکس ایکٹ 2025 سے متعلق ایک ملک گیر بیداری مہم 'پرارامبھ 2026' کے آغاز کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ یہ قانون خامیوں، تنازعات اور عمل آوری کی لاگت میں کمی لائے گا۔×

☆☆☆☆☆